© rasailojaraid.com

رُباعیات

از

(جناب طالبؔ جے پوری)

وہ سبزۂ بیگانہ جو لہراتا ہے خاموش اشاروں سے یہ سمجھاتا ہے
نخوت سے مجھے روندنے والو ہر گام اپنا بھی تمہیں حشر نظر آتا ہے

دنیا سے گذرنا ہے تو درّانہ گذر پستی سے اُبھرنا ہے تو مردانہ اُبھر
جینا ہے تو مردوں کی طرح ٹھاٹ سے جی مرنا ہے تو شیروں کی طرح شان سے مر

افلاس میں بھی بے سروساماں نہ رہا میں بے سروسامانی پہ نالاں نہ رہا
ہر تلخیٔ دوراں کو نوازا میں نے مجھ سے ہی مگر خوش کبھی دوراں نہ رہا

انساں کا دنیا سے حذر مشکل ہے ہر شے سے کرے قطع نظر مشکل ہے
آساں ہے شراروں سے بچانا دامن شبنم کا شراروں میں گذر مشکل ہے

پاکیزگیٔ دل کا فسانہ اچھا باطن کی صفائی کا ترانہ اچھا
مے پی کہ نہیں آنا ہے پھر دنیا میں تو خوش ہے تو پھر سارا زمانہ اچھا

آہِ دلِ سوزاں کو کروں کیا اے دوست ضبطِ غمِ پنہاں کو کروں کیا اے دوست
دنیائے تصور تو سجاؤں تجھ سے بے کیفیٔ دوراں کو کروں کیا اے دوست

© rasailojaraid.com